Publication – Akkas – Urdu- Daily

Headline – Hindustan mein Hindustan Motors Pajero Sport pesh kar raha hai

Edition – Kolkata

Page – 2 **Date – 13.03.12**

ایس یو وی کی نقاب کشائی مسٹر اے شنکر نرائن ، ڈائرکٹر ، ہندوستان موٹرس لمیٹیڈ (بائیں) اور مسٹر ماساہیکو اوکی ، ایکزی کیوٹیو آفیسر اور کارپوریٹ جنرل منیجر برائے ایشیا اور آسیان آفس ، متسوبیشی موٹرس کارپوریشن ، جاپان (دائیں) کرتے ہوئے۔

ہندوستان میں ہندوستان موٹرس پجیرو اسپورٹ پیش کر رہا ہے

قیمت ۲۳٫۵۳ لاکھ روپئے - آج سے بکنگ شروع ہو رہی ہے

نئی دہلی ۱۲/مارچ ۔ ہندوستان کی مشہور معروف کار کمپنی کولکاتا کی ہندوستان موٹرس لیمیٹیڈ (ایچ ایم) کی طرف سے اب پجیرو اسپورٹ پیش کی جارہی ہے جو متسو بیشی ایس یو وی کی حثیت سے ہوگی اور اس کی قیمت ۲۳٫۵۳ لاکھ روپے ہوگی۔ آج یہاں مسٹر اے شنکر نرائن ، ڈائرکٹر، ہندوستان موٹرس اور مسٹر ماساہیکو اوکی، ایکزی کیوٹیو افسر اور کارپوریٹ جنرل منیجر برائے ایشیا اور اسیان آفس، متسو بیشی موٹرس کارپوریشن ، جاپان کی طرف ایک نیوز میڈیا کانفرنس میں پجیرو اسپورٹ کی نقاب کشائی کی گئی۔ جہاں تک پجیرو اسپورٹ کا تعلق ہے تو اس کا وی جی ٹربو انجن اور کلاس پاور بہترین ہیں ۔ بہترین کوالیٹی ، عمدہ پاور ، بہت زیادہ آرامدہ ہے۔

اس تقریب کے موقع پر مسٹر شنکر نرائن نے کہا کہ پجیرو کے حانکان ہمیشہ خوش رہے ہیں۔ پوری دنیا میں کار ریلیوں میں اس کا ایک اہم مقام رہا ہے۔ پجیرو کو ہندوستان میں اس وقت لانچ کیا گیا تھا جب مسٹر شنکر نرائن ہندوستان موٹرس کے منیجنگ ڈائرکٹر تھے اور پجیرو اسپورٹ کو بھی انہیں کے دور میں لانچ کیا جارہا ہے۔ اس وقت وہ ہندوستان موٹرس کے ڈائرکٹر ہیں۔

مسٹر ماساہیکو اوکی نے ذرائع ابلاغ کو اس موقع پر مطلع کیا کہ پجیرو اسپورٹ کو ایشیائی صارفین نے بہت عمدہ طریقے سے قبول کیا ہے اور پسند کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایشیائی ملکوں میں اس نے مقابلوں میں نمایاں کامیابی حاصل کی ہے۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ ہندوستان موٹرس اور متسوبیشی موٹرس کے درمیان بہت عمدہ اشتراک وتعاون قائم رہا ہے ۔ پجیرو اسپورٹ کی قیمت ۲۳٫۵۳ لاکھ روپے ہو گے اور اس کے لئے بکنگ ۱۳/مارچ ۲۰۱۲ء سے شروع ہوگی۔ ہندوستان موٹرس لیمیٹڈ کسی کے برلا گروپ کا ہے۔ آزادی سے قبل گجرات کے پورٹ اوکھا میں اس کا قیام عمل میں لایا گیا تھا اور ۱۹۴۸ء میں ضلع ہگلی ، مغربی بنگال کے اتر پاڑہ میں اسے لایا گیا اور اس نے ایمبیڈر بنانا شروع کیا۔